# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## شعبہ تعلقات عامہ

## پریس ریلیز

مورخہ 4 نومبر 2021 اسلام آباد

الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس جناب سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان کی زیر صدارت ہوا۔ جس میں ممبران الیکشن کمیشن، سیکرٹری الیکشن کمیشن، صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخواہ اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پشاور ہائیکورٹ کی طرف سے خیبر پختونخواہ کے 17 اضلاع میں لوکل گورنمنٹ انتخابات کے حوالے سے مختلف رٹ پٹیشن پر مورخہ 2 نومبر 2021 کو جو فیصلہ دیا گیا کہ صوبائی حکومت اور الیکشن کمیشن ریٹرننگ آفیسران کو حکم جاری کریں کہ وہ ویلج اور نیبر ہوڈ کونسلوں کے الیکشن کے لئے مورخہ 4 نومبر 2021 سے کاغذات نامزدگی جماعتی بنیادوں پر وصول کریں۔ اس ضمن میں الیکشن کمیشن نے عدالتی حکم پر عملدار یقینی بنانے کے لئے درج ذیل احکامات جاری کئے ہیں۔

1) تمام ریٹرننگ آفیسران جو کہ فیز I کے ویلج اور نیبر ہوڈ کونسلوں کے لئے تعینات کئے گئے ہیں وہ امیدواروں سے کاغذات نامزدگی (فارم IV) وصول کرتے وقت انہیں ہدایت کریں کہ اگر وہ کسی پارٹی کی طرف سے الیکشن میں حصہ لے رہے ہیں تو کاغذات نامزدگی کے متعلقہ کالم میں اس پارٹی کا نام لکھیں۔

2) جو امیدوار کسی پارٹی کی طرف سے الیکشن میں حصہ لے رہیں وہ اپنا پارٹی ٹکٹ انتخابی نشانات کی الاٹمنٹ کے وقت یا اس سے پہلے ریٹرننگ آفیسر کے پاس جمع کروا سکتے ہیں۔

3) سیاسی پارٹیاں کونسل کی ہر کیٹگری میں جتنی سیٹیں مختص ہیں اتنے امیدواروں کو ٹکٹ جاری کر سکتی ہیں۔

4) نیبر اور ویلج ہوڈ کونسلوں کے امیدواروں کی حتمی فہرست انگریزی حروف تہجی میں ہوگی۔ ایسے امیدوار جن کو سیاسی پارٹی نے ٹکٹ دیا ہو ان امیدواروں کو پارٹی نشان الاٹ کیا جائے گا جبکہ آزاد امیدواروں کو وہ نشانات الاٹ ہونگے جو کسی پارٹی کے نہیں ہیں اور آزاد امیدواروں کے لئے مختص کئے گئے ہیں۔

5) سیاسی جماعتوں کے سربراہان کسی عہدیدار (Office bearer) کو مقرر و مجاز بنائیں گے کہ وہ پارٹی ٹکٹ جاری کرے یہ نمائندہ ترجیحاً ہر ضلع سطح پر ہوگا۔ جو کہ تحصیل کونسل / ویلج و نیبر ہوڈ کونسلوں کی متعلقہ کیٹگری کے لئے امیدواروں کو ٹکٹ جاری کرے گا۔ پارٹی سربراہان مقررہ کردہ عہدیداران (Office bearer) کی لسٹ مورخہ 15 نومبر 2021 سے قبل یا اس تاریخ کو صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخواہ کو بھجوائیں گے جو کہ یہی لسٹ تمام ریٹرننگ آفیسروں کو بھیجے گا تاکہ ریٹرننگ آفیسر قانون کے مطابق نشانات الاٹ کر سکیں۔

6) ویلج اور نیبر ہوڈ کونسلوں کی تمام کیٹگری کے بیلٹ پیپروں پر تمام امیدواروں کے نام و نشانات پرنٹ کیئے جائیں گے۔